تعارف وتبصرہ

نام کتاب : **نورِ سحر**   مصنف : **مولانا محمد نذیر الدین**

قیمت : ۱۵ روپے

ملنے کا پتہ : مبارک مسجد لطیف آباد ۸ ۔ حیدر آباد ۔ سندھ

ریڈیو پاکستان کے جملہ اسٹیشن اپنے اپنے یہاں سے بعض اچھے دینی پروگرام نشر کرتے جن میں سلجھے ہوئے سنجیدہ اہلِ علم شریک ہوتے گو کہ بعد میں ایک خاص طبقہ نے عوامی جہالت کے حوالہ سے اپنی فرضی اکثریت کی آڑ میں اس سلسلۂ خیر کو خاصا گدلا کیا ...... اچھے حضرات میں مولانا محمد نذیر الدین بھی تھے جو حیدر آباد اسٹیشن سے علم وعرفان کے موتی لٹاتے جنہیں ایک مخلص انسان جناب محمد وسیم الدین نے مرتب کیا ہے ۔ یہ ۶۲ تقاریر ہیں جو مختلف علمی ، اخلاقی اور دوسرے مضامین پر مشتمل ہیں ۔ سادہ اندازِ بیان ، عام فہم ، فلسفی موشگافیاں نام کو نہیں ، نوآموز واعظ ومقرر اور خطیب نیز عام مسلمانوں کے لئے کام کی چیز ہے ضرور استفادہ کریں

نام کتاب : **پرویز اور قرآن**   مصنف : **مولانا مفتی مدار اللہ صاحب**

قیمت : ۳۰/- روپے

ملنے کا پتہ : جناب اکرام اللہ شاہد سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی مردان ۔

برٹش حکومت کے محکمہ انفارمیشن کے ایک ملازم چودھری غلام احمد پرویز نے اپنے سفر کا آغاز اس خطہ کے اکابر علماء حق کے خلاف اپنی تند وتیز بلکہ سوقیانہ تحریروں سے کیا اور پھر دھیرے دھیرے احادیثِ رسول پر ہاتھ صاف کیا ۔ ایک زمانہ میں پاکستان کی مسلم لیگی حکومت نے ان کی بھرپور سرپرستی کی کیونکہ وہ علامہ اقبال اور مسٹر جناح کا نام بہت اچھالتے اور انہی کی محبت میں مست ہو کر خاندان دین پر کیچڑ اچھالتے ۔

ستم یہ کہ پرویز صاحب نے احادیث پر ہاتھ صاف کرنے کی غرض سے قرآن عزیز کا نام